تذکرۂ خطّاطین

تحقیق و تالیف: محمّد راشد شیخ

ناشر: ادارۂ علم و فن، کراچی

ضخامت: ۲۵۴ صفحات   سنہ اشاعت: ۱۹۹۸ء

مُبصّر: نجم الاسلام

یہ بیسویں صدی میں دنیاے اسلام کے نامور خطّاطوں کا تذکرہ ہے، اور ان کی خطّاطی کے اعلیٰ ترین نمونوں سے بکثرت مُزیّن ہے۔ پوری کتاب بڑے سائز میں آرٹ پیپر پر چھاپی گئی ہے۔ اسے گزشتہ چند برسوں میں پاکستان سے شائع ہونے والی چند خوبصورت ترین کتابوں میں شامل کیا جائے تو بیجا نہ ہوگا۔ مؤلّف نے کتاب خوش ذوقی کے ساتھ مُرتّب کی ہے اور طابع (فضلی سنز کراچی) نے اعلیٰ معیار کے ساتھ طبع کی ہے۔

مؤلّف کتاب جناب محمّد راشد شیخ پیشے کے لحاظ سے انجینیر ہیں۔ فن خطّاطی سے خاص دل چسپی ہے۔ وہ اس فن کی تاریخ سے بخوبی واقف ہیں اور عملاً اس فن میں مہارت بھی رکھتے ہیں۔ انھوں نے استاد شفیق الزماں خطّاط مسجد نبوی سے فیض پایا ہے۔

کتاب میں برِّصغیر کے نامور خطّاطوں کے علاوہ ترکی، ایران، مصر، لبنان اور عراق کے نامور خطّاطوں کے حالات تحقیق کے ساتھ جمع کیے گئے ہیں اور ان کے فن کے دلکش نمونے بھی شامل کیے گئے ہیں۔ فن خطّاطی سے متعلق اصطلاحات کی شرح عمدہ طور پر پیش کی گئی ہے۔ آخر میں مآخذ و مصادر کی فہرست بھی درج ہے جو اردو، عربی، فارسی مطبوعہ کتب و مقالات، غیر مطبوعہ مواد، انٹرویو، انسائیکلوپیڈیا، متفرق اخبارات کے علاوہ انگریزی، ترکی مطبوعات اور مضامین و مقالات کے اندراج پر مشتمل ہے۔ ان بنیادی مآخذ کے علاوہ دو صفحات میں ضمنی مآخذ کی نشان دہی بھی کی ہے اور مزید مطالعے کے لیے کتب و مقالات کی ایک اور فہرست بھی دی ہے، جس سے بخوبی معلوم ہوجاتا ہے کہ انھوں نے کتاب مرتّب کرتے وقت حصول معلومات کے لیے کیا کچھ محنت کی ہے اور تحقیق کے تقاضوں کو کس قدر جاں فشانی سے پورا کیا ہے۔ اس کامیاب پیش کش پر مؤلف اور طابع و ناشر کو مبارک باد پیش کی جاتی ہے۔